اُردو زبان کے بنیادی صلاحیتیں جما عت۔ سوّم(3)

1. اُردو زبان کے حُروف تہجی، حُروف کی شکلیں، اعراب اور مخلوط حُرفوں سے واقفیت کرانا۔
2. حُروفوں کو صحیح تلفظ اور بلند آواز سے پڑھنا اور تحریر کرنا۔
3. قافیہ بند نظمیں ترنم کے ساتھ کہنا۔
4. آسان کہانیوں کو سُنکر سمجھنا۔کیوں، کب، کہاں، کیسے جیسے سوالات کے جواب زبانی دینا
5. آسان مکالموں کو آپس میں گفتگو کرانا۔
6. عجز و انکساری سے بات کرنے پر عمل کرانا۔
7. پچھلی جماعت کے اسباق پڑھنا اور استعمال ہوئے واحد جمع مذکر مونث اور اضداد کی پہچان کرانا۔

بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

بنیادی صلا حیت نمبر 01

1. ربّر کے حروف استعمال کرتے ہوئے حروف تہجی سِکھانا
2. جھلکی تختیاں اور ریت، ہوا میں انگلی پھیرنے کی مشق کرانا۔
3. حروف پر اعراب لگا کر پڑھانا۔
4. شروع، درمیان اور آخر کے حروفوں کی مشق کرانا
5. تختہ سیاہ پر حروف کی مختلف شکلیں لکھکر پہچان کرانا

بنیادی صلاحیت نمبر 02

1. معلم/معلمہ نمونتاً با آواز بلند حُروفوں کو پڑھکر تحریر کرانا
2. حروفوں کی خوشخط لکھانا۔
3. نلی کلی کا جنش قلم کا کارڈ لیکر مشق کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر03

1. کارڈس کا استعمال کرتے ہوئے قافیہ بند نظمیں کہلوانا
2. نظموں میں موجود ہم قافیہ الفاظ کی نشاندہی کرانا
3. طلباء سے نظم میں آنےوالے ہم قافیہ الفاظ کی فہرسے تیار کرانا۔
4. سمعی و بصرع آلات کا استعمال کرتے ہوئے نظمیں سماعت کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 04

1. تصویری کہانیاں دِکھا کر سُننا اور سمجھا نا۔
2. کہانی کے تعلق سے آسان سوالات کے جواب حاصِل کرنا۔
3. آسان جملوں کے ذریعے کہانی کو ترتیب سے جوڑنا۔
4. تصاویر دِکھا کر کہانی کہلوانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 05

5. آسان مکالموں کو طلباء میں گفتگو کرانا
6. آسان کردار دیکر آپسی گفتگو کرانا۔
7. تصویر دِکھا کر کردار کیا کہہ رہاہے کہلوانا

بنیادی صلاحیت نمبر 06

1. معلم/معلمہ طلباء کو عاجزو انکساری سے بات کرانا۔
2. عاجز و انکساری کے جملے الگ کرانا

بنیادی صلاحیت نمبر07

1. واحد جمع کی فہرست تیار کرانا
2. اضداد لکھنے کی مشق کرانا
3. چند الفاظ دیکر واحد جمع کو الگ کرانا

قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

صلاحیت نمبر 01

1. حُروف تہجی کو ترتیب سے لکھو؟
2. مخلوط حُروف کونسے ہیں؟
3. مناسب لفظ لکھکر لفظ بتائیں۔ جیسے والـــــــــ د ـــــــــ
4. بے تر تیب حروفوں سے معنی خیز لفظ لکھو:
   ل کھ وان۔ـــــــــــــــ
5. صحیح اعراب لگا کر پڑھائیں

صلاحیت نمبر 02

1. صلاحیت کو حا صِل کئے ہوئےطلباء سے حرفوں کو با آواز پڑھائیں۔
2. تختہ سیاہ کا استعمال کرکے حروفوں لکھائیں۔
3. یاداشت اور حرفوں اور الفاظ کا کھیل کھلا کر محاسبہ کرانا۔
4. حُرفوں کو صحیح خوشحط میں لکھو
   ل ص ج ڈ----------
5. حروفوں کا اِملا لکھائیں۔

صلاحیت نمبر 03

1. بچّے کی دعا "نظم میں مو جود ہم قافیہ الفاظ کی فہرست بناؤ۔
2. کو ئی بھی نظم ترنم کے ساتھ خواندگی کرائیں۔
3. نظم پڑھ کر ہم قافیہ الفاظ سے پُر کیجئے۔
   مچھلی جل کی رانی ہے۔ جیون اُس کا پانی ہے۔
   مچھلی جل کی ــــــ ہے، جیون اُس کا ــــ ہے۔

صلاحیت نمبر 04

1. آسان کہانی سُنا نے کے بعد زبانی سوالات پوچھیں۔
2. تصویری کہانی دیکھ کر خالی جگھوں کو بھرتی کرو

(چیونٹی اور فاختہ)

ایک ـــــــمیں چیونٹی ڈوب رہی تھی

فاختہ نے ــــــــ توڑ کر پانی میں پھینکا

3. کہانی مکمل کرو

ایک کوّا ــــ تھاــــ میں تھوڑــــ تھا -----------

صلاحیت نمبر05

1 آسان مکالمےطلباء میں کرائیں

صلاحیت نمبر06

1 عجزو انکساری سے تعلق رکھنے والے آپ کے پسندیدہ کوئی دو جملے لکھئے

2 عجزو انکساری کے جملے زبانی کہلوائیں۔

صلاحیت نمبر07

1 اِن الفاظ کے اضداد لکھئے

a) سختx b) اچّھا x c) غم x

2 واحد اور جمع کو الگ کر کے فہرست تیار کریں

کتاب، مدارس، جنگلات، قلم، لڑکی، دیوار